© rasailojaraid.com



کر جماعتی کاز کی خاطر دلی میں عزبت اور بے آرامی کی زندگی بسر کرتے رہے اپنے وطن ٹونک میں تھے کہ وہاں سے بیوی کے ڈاکٹری معائنہ کی غرض سے جے پور آئے ابھی ڈاکٹری معائنہ مکمل نہیں ہوا تھا کہ خود انھیں پیغامِ اجل آپہنچا، بڑی خوبیوں کے نہایت شریف اور با وضع انسان تھے، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ:۔

---

ابھی ۲ر مئی کو دارالعلوم دیوبند کی مجلس عاملہ کے جلسہ میں مولانا حامد الانصاری غازی ناظم اجلاس جشن کی رپورٹ سے یہ معلوم کر کے بڑی مسرت ہوئی کہ ملک کے ہر گوشہ میں یک صد وسیزدہ جشنِ دارالعلوم کا پرتپاک خیر مقدم ہورہا ہے اور بڑے بڑے ارباب ثروت ودولت اُس کے لئے اپنی خدمات پیش کر رہے ہیں، ۲۴ر اپریل کو جناب صدر جمہوریہ جب دارالعلوم دیوبند تشریف لائے تھے تو انھوں نے بھی دارالعلوم دیوبند کے عظیم تعلیمی اور علمی و دینی کارناموں سے غیر معمولی طور پر متاثر ہوکر اُتر پردیش کی حکومت کو (گورنر اور چیف منسٹر اس موقع پر موجود تھے) حکم دیا کہ جشن کے سلسلہ میں انتظامی اعتبار سے دارالعلوم کو جو سہولتیں درکار ہوں وہ فراہم کی جائیں، چنانچہ اُسی وقت سے حکومت اُتر پردیش اور دارالعلوم میں ربط قایم ہے اور کام آگے بڑھ رہا ہے۔

---

جناب مولانا قاری محمد طیب صاحب اگرچہ مارچ میں سیرت کانفرنس پاکستان میں ایک ہندوستانی مندوب کی حیثیت سے گئے تھے، لیکن یہ صرف ایک برس میں تیسری مرتبہ پاکستان کا ویزا حاصل کرنے کا بہانہ تھا چنانچہ

© rasailojaraid.com